الا ان اولیاء اللہ لا خوف علیہم ولا ہم یحزنون

انوار الاتقیا

ترجمۂ اردو

تذکرۃ الاولیا

(مترجمہ)

جناب مولوی محمد برکت اللہ صاحب رضا لکھنوی بجد اخذ حق ترجمہ کتاب ہذا

حسب فرمایش اخی المعظم جناب حاجی محمد عبد القیوم صاحب تاجر کتب کلکتہ قریب مدرسہ عالیہ نمبر (۱۶)

باہتمام خاکپائے اولیائے دین کمترین محمد قمر الدین مالک مطبع

در مطبع یوسفی واقع کانپور طبع شد

ماشاء الله لا قوة الا بالله

حسب فرمایش برادر مکرم جناب حاجی محمد عبد القیوم صاحب تاجر کتب کلکتہ ولیسلی اسکوائر نمبر (۱۶)

انوار الاتقیا

ترجمہ اردو

تذکرۃ الاولیا

باہتمام کمترین محمد قمر الدین بن جناب حاجی شیخ محمد یعقوب صاحب مرحوم مالک مطبع احمدی کانپور

در مطبع قیومی واقع کانپور مطبوع گردید

نقل کیا ہی - کہ ایک بار شب کو آپکی سوئی گر پڑی لوگ چراغ لے آئے تاکہ آپ اُسکی روشنی مین سوئی ڈھونڈھ لین آپ نے اپنی آنکھون پر ہاتھ رکھکر فرمایا نہین نہین یعنے مجھے چراغ کی ضرورت نہین اس لیے کہ مین بغیر چراغ کے سوئی ڈھونڈھ سکتا ہون -

نقل کیا ہی - کہ ایک لونڈی آپ کے یہان تیس سال سے تھی اور کبھی آپ نے اوسکی صورت نہین دیکھی تھی ایک دن اُسی لونڈی سے فرمایا کہ میری لونڈی کو پکار دو اوسنے کہا کہ مین ہی آپ کی لونڈی ہون آپ نے فرمایا کہ اس تیس برس مین مین نے سوا خدا کے کسی کی طرف نہین دیکھا اسی وجہ سے مین نے تجھے نہین پہچانا -

نقل کیا ہی - کہ ایکدن آپ کہ رہے تھے یا اللہ جو تجھسے خوش نہو اوسکو خوشی نصیب ہو اور جسے تجھسے محبت نہو اوسکو کسی کی محبت نہو لوگون نے آپ سے پوچھا کہ آپ تارک دنیا ہین بتائیے رضا کس چیز مین ہی فرمایا اوس دل مین جو غبار نفاق سے پاک ہو -

نقل کیا ہی - کہ جب آپ کے سامنے قرآن شریف پڑھا جاتا تھا آپ بیقرار ہوکر روتے تھے لوگون نے کہا کہ قرآن آپ کیسے سمجھتے ہین اسلیے کہ یہ عربی ہی اور آپ عجمی ہین آپ نے فرمایا کہ میری زبان عجمی اور دل عربی ہی -

نقل کیا ہی - کہ ایک درویش نے آپکو اس مرتبہ پر دیکھکر دریافت کیا کہ آپ عجمی ہین یہ مرتبہ آپکو کیونکر حاصل ہوا غیب سے آواز آئی کہ گو عجمی ہی لیکن حبیب ہی

نقل کیا ہی کہ ایک قاتل کو سولی دی گئی شب کو لوگون نے اُسے خواب مین مراتب اعلی پر بہشت مین لباس فاخرہ پہنے ہوئے دیکھا سبب پوچھا اوسنے کہا کہ مین نے خون کیا تھا قاتل تھا لیکن جسوقت مجھے سولی دیجاتی تھی اسوقت حضرت حبیب عجمی رحمہ اللہ اودھر سے گذرے اور میری حالت دیکھکر دعا فرمائی اوسی کی یہ برکت ہی رحمۃ اللہ علیہ -